OPINION POLL


DEMOGRAPHICS

23rd August, 2024

# AMONG MARRIED PAKISTANIS, 4 OUT 5 (81%) HAVE AN ARRANGED MARRIAGE, WHILE MEN, URBAN RESIDENTS, AND THOSE UNDER 30 YRS OF AGE WERE MORE LIKELY TO HAVE A LOVE MARRIAGE: GALLUP & GILANI PAKISTAN

شادی شدہ پاکستانیوں میں ، ہر 5 میں سے 4 (81% ) افراد نے اپنی شادی والدین کی پسند سے یعنی (Arranged Marriage) ہونے کا بتایا ، اس کے برعکس اپنی پسند کی شادی یعنی کے (Love Marriage) حوالے سے شرح مرد حضرات، شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اور30 سال سے کم عمر کے افرادمیں زیادہ پائی گئی ۔

Question: Please tell whether your marriage was arranged marriage by your parents or by your own choice i.e. love marriage?




*Don't know/No response: 1%*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ذاتی معلومات

ازواجی حیثیت

شادی اور سماجی رویے پر پریس ریلیز کی سیریز کا دوسرا حصہ

**شادی شدہ پاکستانیوں میں، ہر 5 میں سے 4 (81%) افراد نے اپنی شادی والدین کی پسند سے (یعنی Arranged Marriage) ہونے کا بتایا، اس کے برعکس اپنی پسند کی شادی (یعنی Love Marriage) کے حوالے سے شرح مرد حضرات، شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اور 30 سال سے کم عمر کے افراد میں زیادہ پائی گئی۔**

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 23 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 4 (81%) افراد نے اپنی شادی والدین کی پسند سے (یعنی Arranged Marriage) ہونے کا بتایا۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے اپنی پسند کی شادی (یعنی Love Marriage) کی شرح خواتین کی نسبت مرد حضرات میں 8% زیادہ پائی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ، علاقوں کے اعتبار سے پسند کی شادی کی شرح میں بہت معمولی سا فرق دیکھنے میں آیا، پسند کی شادی کے حوالے سے شرح دیہی علاقوں میں رہنے افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے افراد میں صرف 1% زیادہ رہی۔ سروے میں شامل تمام (یعنی تینوں گروپس) عمر کے گروپ کے افراد میں سے، پسند کی شادی ہونے کی سب سے زیادہ شرح 30 سال سے کم عمر کے نوجوانوں (21%) میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پہلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کی شادی والدین کی پسند یعنی Arranged Marriage تھی یا آپ کی اپنی پسند یعنی Love Marriage تھی؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 81% جواب دہندگان کے مطابق اُن کی شادی والدین کی پسند کی یعنی Arranged Marriage تھی، جبکہ 18% جواب دہندگان کے مطابق اُن کی شادی اپنی پسند کی یعنی Love Marriage تھی، تاہم 1% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کی شادی والدین کی پسند یعنی Arranged Marriage تھی یا آپ کی اپنی پسند یعنی Love Marriage تھی؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** مرد حضرات (77%) کی نسبت، خواتین کی 8% زائد شرح کے مطابق اُن کی شادی اپنے والدین کی پسند سے ہوئی ہے یعنی arranged marriage ہے۔اپنی پسند سے شادی کرنے یعنی love marriage کی شرح خواتین کی نسبت (14%) مرد حضرات میں زیادہ (22%) پائی گئی ۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں اور شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں اپنے والدین کی پسند کی شادی یا اپنی پسند کی شادی کرنے کی شرح میں بہت معمولی سا فرق دیکھنے میں آیا۔ والدین کی پسند سے شادی یعنی arranged marriage کے حوالے سے شرح شہری علاقوں میں رہنے افراد (80%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے افراد (82%) میں تھوڑی زیادہ پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے:** 30 سال سے کم عمر کے گروپ کے افراد میں اپنے فیصلے خود لینے کی آزادی کا رجحان سب سے زیادہ دیکھنے میں آیا، جس میں 21% شرح نے اپنی پسند سے شادی کرنے کے حوالے سے بتایا، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح 30 سے 50 سال کے عمر کے گروپ کے افراد میں 18% پائی گئی، جبکہ اپنی پسند سے شادی کرنے کی سب سے کم شرح 50 سال سے زائد عمر کے گروپ کے افرد میں 10% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 548 مرد وخواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکھٹا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

# شادی اور سماجی رویے پر 2024 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2024 میں پاکستان میں شادیوں اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : ازواجی حیثیت – https://gallup.com.pk/post/37262

**GALLUP PAKISTAN**
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 23rd August, 2024**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)